© rasailojaraid.com



## تعارف کتب

◉ **محسن نسواں**، شگفتہ عمر۔ ناشر: دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی، اسلام آباد۔ صفحات: ۴۰۔ قیمت: ۳۲ روپے۔ [معاشرے میں عورت کا کردار اور اس کے حقوق کا تعین ہمیشہ افراط و تفریط کا شکار رہا ہے۔ فی الواقع محسنِ نسواں اگر کوئی ہستی ہے تو نبی کریمؐ کی ہستی ہے جس نے خواتین کے لیے ہر دائرے میں حقوق و فرائض کی ادایگی میں وہ توازن قائم کیا جس کی نظیر تاریخ انسانی پیش کرنے سے قاصر ہے۔ زیرنظر کتابچے میں سرورِ عالمؐ کے خواتین پر احسانات کے واقعات کو ۳۷ عنوانات کے تحت دل نشین اور دل کش اسلوبِ بیان میں پیش کیا گیا ہے۔]

◉ **عبادالرحمٰن**، پروفیسر الطاف طاہر اعوان۔ ناشر: اذانِ سحر پبلی کیشنز، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ ص ۳۲۰۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [اللہ کے محبوب بندوں کی صفات، عبادات، ذمہ داریوں اور بشارتوں کا بیان۔ اس غرض کے لیے پورے قرآن مجید کا احاطہ کیا گیا ہے۔ اس موضوع پر ایک جامع مطالعہ اپنے جائزے اور عمل کے لیے عبادالرحمٰن کی صفات کا آئینہ فراہم کر دیا گیا ہے۔ بقول مؤلف: اس کا مقصد مطالعہ کرنے والے کے دل میں ارتعاش پیدا کرنا اور انقلاب کے لیے تحریک بیدار کرنا ہے۔]

---


## ترجمان القرآن کے ۵ سالہ خریدار بنیے

سالانہ خریدار کو ۶۰ روپے رعایت دی جاتی ہے (۳۶۰ کے بجاے ۳۰۰ روپے)۔ ۵ سالہ خریدار کو مزید ۳۰۰ روپے رعایت دی جارہی ہے۔ ● ۴ دفعہ ترسیل کے اخراجات کی بچت بھی ہوگی (۲۰۰ روپے) ● اس دوران قیمت میں اضافہ ہوا تو اس کی بچت بھی ہوگی ● خصوصی اشاعت اضافی قیمت کے بغیر ملے گی۔ اس طرح کُل بچت اندازاً ۱۰۰۰ روپے ہو جاتی ہے۔ ہر سال وی پی وصولی کی فکر بھی نہیں رہتی۔

### صرف ۱۲۰۰ روپے میں ۵ سال کے لیے خریدار بنیے

اگر آپ سالانہ خریدار ہیں تو خریداری نمبر کے ساتھ مطلع کر دیں کہ وی پی ۳۰۰ کے بجاے ۱۲۰۰ روپے کا بھیجا جائے۔ ۰۳۰۷-۴۱۱۲۷۰۰ پر ایس ایم ایس کر دیں۔

مینیجر ترجمان القرآن، 5-اے، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔ فون: 042-37587916


© rasailojaraid.com